# 41784 - المجد چینل لگوانے کا حکم

**سوال**

کیا گھر میں المجد چینل دیکھنے، اور علم حاصل کرنے کے لیے ڈش خریدنی جائز ہے، یہ علم میں رہے کہ اس چینل میں بڑے بڑے اجل علماء کرام بعض علمی کتب کی شرح بیان کرتے ہیں، میں معلومات چاہتا ہوں، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

المجد چینل ایک بہت ضخیم ہدف رکھنے والا پروجیکٹ ہے، اور اسلامی میڈیا کی طرف یا ایک بڑا اہم قدم ہے، اس چینل کا تتبع کرنے کے بعد اب میرے لیے جو چیز ظاہر ہوئی ہے وہ یہ کہ گھر میں یہ چینل لگوانا مقبول اجتہاد ہے، ایسا کرنے والے پر انکار نہیں کیا جا سکتا.

اور اس میں اخطاء اور غلطیوں سے بڑھ کر فوائد اور مثبت پہلو بہت زیادہ ہیں.

لیکن یہ ملحوظ رہے کہ یہ وسیلہ باقی دوسرے حرام چینل دیکھنے سے خالی ہو، صرف یہی ایک چینل دیکھا جا سکے.

اور امید ہے اس کے لیے اس چینل کا مخصوص آلہ لگانے سے یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے، اور اخطاء و غلطیوں کی اصلاح اور علمی درجہ بلند کرنے کے لیے اس چینل سے تعلق رکھنے کی اہمیت ثابت ہو سکتی ہے.

واللہ اعلم .